سوال

(167) نماز باجماعت میں کم عمر بچوں کو کھڑا کر دینا الخ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

نماز باجماعت میں کم عمر بچوں کو نیت بندھی حالت میں صف میں سے پیچھے کھڑا کر دیا جاتا ہے۔ آیا یہ عمل درست ہے یا نہیں۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

صف مقدم میں جب بڑے آدمی کے کھڑے ہونے کی جگہ نہ ہو تو بچہ کو پیچھے ہٹا کر صف مؤخر میں کھڑا کر دینا اور آپ صف مقدم میں کھڑا ہو جانا جائز و درست ہے جس پر حدیث قیس بن عباد کی صریح دال ہے جو کہ سنن نسائی کی جلد اول ص ۸۲ میں موجود ہے۔ ہاں اگر پہلی صف میں جگہ باقی ہو تو بچوں کو پیچھے کھڑا کرنا درست نہیں لقولہ الصلوٰة والسلام اَتِمُّوا الصُّفُوفَ الْاَوَّلَ اَوْ کَمَا قَالَ ملاحظہ ہو کتب حدیث۔

[فتاویٰ علمائے حدیث]

جلد 3 ص 79

محدث فتویٰ